# بہاول پور بورڈ 2024ء

**معروضی طرز**

پرنسپلز آف کامرس — L.K.No. 1556 — Paper Code No. 6581

پرچہ: I

(1st A. Exam. 2024)

Session (2022-24) to (2023 - 25)

وقت: 20 منٹ
کل نمبر: 15

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C، D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی / ببل شیٹ پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**Note:** Four choices A, B, C, D to each question are given. Which choice is correct, fill that circle in front of that question number on the objective Bubble Sheet. Use marker or pen to fill the circles. Cutting or filling two or more circles will result in zero mark in that question.

**سوال 1:**

-1 معاشی سرگرمیوں میں شامل ہے:
**Economic activities means:**
(A) کاروبار Business
(B) کاربار، پیشہ Business, Profession
(C) کاروبار، پیشہ اور ملازمت Business, Profession, Employment
(D) ملازمت Employment

-2 تجارت کے لفظی معنی ہیں:
**The literal meaning of trade is:**
(A) تبادلہ Exchange
(B) خرید و فروخت Buying and Selling
(C) انسانی رکاوٹ دور کرنا Removal of Human Obstacles
(D) سرمایہ کو Capital

-3 واحد ملکیتی کاروبار کی انتقال پذیری ممکن ہے:
**Transfer of Sole Proprietorship is possible:**
(A) قانون کے مطابق As per Legal requirements
(B) ممکن نہیں ہے No Possible
(C) آسان ہوتی ہے Is done easily
(D) طویل عمل Long Process

-4 محدود شراکت کا قانون کون سا ہے؟
**Limited Partnership is formed under Limited Partnership Act:**
(A) 1997ء
(B) 2007ء
(C) 2010ء
(D) 2017ء

-5 محدود شراکت میں کتنے حصہ داروں کی ذمہ داری محدود ہوتی ہے:
**At least how many partners should have a Limited liability in Partnership?**
(A) 1
(B) 2
(C) 3
(D) یہ تمام All

-6 مشترکہ سرمایہ کی کمپنی کی سب سے اہم دستاویز ہوتی ہے:
**The Owner of a Company are:**
(A) ملازمین Employees
(B) تمسک دار Debenture Holder
(C) حصہ دار Share Holder
(D) قرض دار Creditor

-7 حصہ دار کو کمپنی سرمایہ کاری پر جو منافع دیتی ہے وہ کہلاتا ہے:
**The Profit given Shareholder on their Investment by a company is called:**
(A) مقسوم Debenture
(B) حصص Share
(C) تمسکات Dividend
(D) بونس Bonus

-8 آئینی اجلاس آغاز کے سرٹیفکیٹ کے بعد بلایا جاتا ہے:
**A statutory meeting is called after getting the certificate of commencement:**
(A) چھ ماہ سے پہلے Before 6 months
(B) تین ماہ بعد After 3 months
(C) چھ ماہ بعد After 6 months
(D) ایک سال کے اندر Within Year

CamScanner

9- انجمن امداد باہمی کے حصص منتقل ہو سکتے ہیں: The shares of Co-operative society can be transfered:

(A) جب چاہیں At any Time (B) ایک سال بعد After one year

(C) چھے ماہ بعد After Six Months (D) ایک ماہ بعد After One Month

10- ملکی تجارت کی اقسام ہیں: Kinds of home trade are:

(A) 6 (B) 4 (C) 8 (D) 2

11- ایسے افراد جو اپنی خرید کردہ اشیاء فروخت کرتے ہیں: The persons who sell their purchased goods are:

(A) متوسط تاجر Merchant Middleman (B) متوسط ایجنٹ Agent Middleman

(C) کلیئرا یجنٹ Clearing Agent (D) نیلام کنندہ Auctioneer

12- بیمہ دار کی وفات پر رقم ادا کی جاتی ہے: On the death of the insured sum is paid to:

(A) دوست Friends (B) بیمہ کرنے والے Insurer (C) ورثاء کو Dependents (D) رشتہ دار Relatives

13- کون سے ذرائع آمدورفت کے ذریعے ہم زیادہ سامان بھجوا سکتے ہیں:

We can transfer more goods through which mean of transport:

(A) ریلوے Railway (B) ٹرک Truck (C) جہاز Aeroplane (D) ویگن Wagon

14- عوامی گودام اور بانڈڈ گودام عام طور پر تعمیر کیے جاتے ہیں:

Public and Bonded warehouse are generally built near the:

(A) رہائشی کالونیوں کے قریب Residential Colony (B) مارکیٹ Market

(C) صنعتوں Industries (D) گودیوں Ports

15- کاروباری خط میں اختتامیہ کلمات کے بعد لکھے جاتے ہیں:

What is written in Business letter after complimentary closing:

(A) دستخط Signature (B) عنوان Subject

(C) القاب و آداب Salutation (D) مکتوب الیہ کا نام Name of Addressee

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A -8 | B -7 | C -6 | B -5 | D -4 | C -3 | B -2 | C -1 |
| | A -15 | D -14 | A -13 | C -12 | A -11 | D -10 | B -9 |

## انشائی طرز

رول نمبر

پرنسپلز آف کامرس

L.K.No. 1555 - 1500

(1st A. Exam. 2024) Inter (Part - I)

Session (2022-24) to (2023 - 25)

کامرس گروپ

وقت: 2:10 منٹ

کل نمبر: 60

ہدایات: حصہ اوّل یعنی سوال نمبر 2، سوال نمبر 3 اور سوال نمبر 4 میں سے کوئی سے (6 – 6) اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کرنا لازمی ہے۔ جبکہ حصہ دوم میں سے کوئی سے تین سوالات حل کیجیے۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کریں جو کہ سوالیہ پرچہ پر درج ہے۔

## (حصہ اوّل)

(18 × 2 = 36)

**سوال 2:**

(i) کاروبار لوگوں کی بچتوں کو منافع بخش کس طرح بناتا ہے؟ How does business make the saving of people Profitable?

جواب: کاروبار میں اضافے کے ساتھ ساتھ سرمایہ کاری کے بھی زائد مواقع میسر آتے ہیں جس کی وجہ سے لوگ اپنی بے کار رقوم کو کاروبار میں لگا کر، حصص اور تمسکات وغیرہ خرید کر اسے آمدنی کا ذریعہ بنا سکتے ہیں۔

Along with the increase in business, there are more opportunities for investment, due to which people can invest their idle money in business, buy shares and debentures etc and make it as source of income.

(ii) کامرس اور صنعت میں فرق واضح کریں۔
Distinguish between Commerce and Industry.

جواب: کامرس: کاروبار کا ایک ایسا شعبہ جس میں اشیاء کو ان کی جائے پیدائش سے لے کر انہیں حتمی صارفین تک پہنچانے تک کے تمام عوامل شامل ہوں، کامرس کہلاتا ہے۔

Consumer:Business is a sector that includes all factor from the production of goods to their delivery to the final consumer is called commerce.

صنعت: صنعت کاروبار کا ایسا شعبہ ہے جس میں اشیاء وخدمات پیدا کی جاتی ہیں۔ صنعت میں مختلف عاملین پیدائش کو استعمال میں لاتے ہوئے معاشرے کے لیے مفید اور کارآمد اشیاء تیار کی جاتی ہیں۔

Industry: Industry is a sector of business in which goods and services are produced. In industry various factors are used to produce useful items for the society.

(iii) واحد ملکیتی کاروبار پر لوگوں کا اعتماد کم کیوں ہوتا ہے؟
Why do people have less confidence in safe proprietorship?

جواب: واحد ملکیتی کاروبار کو عوام کا مکمل اعتماد حاصل نہیں ہوتا کیوں کہ واحد مالک اپنے کاروباری حسابات اور سرگرمیوں کی اشاعت نہیں کرتا اور اس کاروبار کو چلانے اور ختم کرنے کے لیے کوئی قانونی ضابطہ نہیں ہوتا۔ اس لیے واحد ملکیتی کاروبار پر لوگوں کا اعتماد کم ہوتا ہے۔

A sole proprietary business does not have the full public trust because the sole proprietor does not publishes his business accounts and activities and there is no legal regulation to run and close this business. Therefore, people have less trust in sole proprietorship.

(iv) شراکت کے خاتمہ پر اثاثہ جات کی تقسیم کس طرح کی ہوتی ہے؟
How does the distribution of assets take place after the dissolution of Partnership?

جواب: کھاتوں کی حتمی تصفیہ پر اثاثوں کی تقسیم کا اصول، بشمول نقصانات اور سرمائے کی کمی، پہلے منافع سے، بعد میں سرمائے سے اور آخر میں، اگر ضروری ہو تو، شراکت داروں کو انفرادی طور پر اس کا تناسب سے ادا کیا جائے گا جس میں وہ منافع میں حصہ لینے کے حق دار تھے۔

Rule for distribution of assets on final settlement of accounts. Lossess, including lossess and deficiencies of capital shall be paid first out of profits, enact out of capital, and la: :ly, If necessary, by the partners individually in the proportion in which they were entitled to share profits.

(v) غیر مستعد حصہ دار کی تعریف کریں۔
Define Sleeping Partner.

جواب: غیر مستعد حصہ دار ایسے حصہ دار ہوتے ہیں جو کاروبار کو سرمایہ فراہم کرنے کے علاوہ نفع ونقصان کے بھی ذمہ دار ہوتے ہیں لیکن کاروبار کے انتظامی امور کی انجام دہی میں ان کا کوئی حصہ نہیں ہوتا۔

Sleeping partners are partners who are responsible for the loss or profits in addition to providing capital to the business but they have no role in the management of the business.

(vi) مشترکہ سرمایہ کی کمپنی میں جمہوری طرزِ عمل سے کیا مراد ہے؟
What is meant by Democratic style in a Joint Stock Company?

جواب: کمپنی کا تمام نظم ونسق جمہوری بنیادوں پر چلایا جاتا ہے کیوں کہ حصہ دار اپنے ووٹوں کے ذریعے ڈائریکٹر کا انتخاب کرتے ہیں جو کاروباری امور کے تمام فیصلے اکثر رائے سے کرتے ہیں۔

All the management of the company is run on a democratic basis as the shareholders elect the directors through their votes who make all the decisions of the business affairs often with opinion.

(vii) پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کی تعریف کریں۔
Define Private Limited Company.

جواب: ایسی کمپنی جسے عوام کو حصص فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہوتی اور اس کے حصص کے انتقال پر بھی پابندی ہوتی ہے، پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کہلاتی ہے۔ اس میں زیادہ سے زیادہ حصہ داروں کی تعداد 50 ہو سکتی ہے۔

A company which does not allow the sale of shares to the public and also prohibits the transfer of its shares is called a private limited company. It can have a maximum number of 50 shareholders.

(viii) معمولی قرارداد سے کیا مراد ہے؟
What is meant by Ordinary Resolution?

جواب: معمولی قرارداد سے مراد ایسی قرارداد ہے جو اراکین کی معمولی یا سادہ اکثریت سے منظور ہوتی ہو۔ معمولی قرارداد پاس کروانے کے لیے ممبران کو 21 دن پہلے نوٹس دینا لازمی ہوتا ہے۔

An ordinary resolution means a resolution passed by a minor or simple majority of the members. 21 days prior notice to the members is required to pass an ordinary resolution.

CamScanner

(ix) انجمن امداد باہمی کی رکنیت کس طرح حاصل کی جاتی ہے؟
**How does the membership of a Co-operative society is attained?**

جواب: انجمن امداد باہمی کا ممبر بننے کے لیے ہر بالغ شخص اہل ہے۔ وہ صرف ایک حصہ خرید کر رکن بن سکتا ہے۔

Every adult is eligible to become a member of the cooperative society. He can become a member by buying only one share.

**سوال 3:**

(i) صارف سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by Consumer?**

جواب: ایسا فرد یا ادارہ جو اشیاء کو استعمال کرنے کے لیے خریدتا ہے صارف کہلاتا ہے۔

A person or institution who buys goods for consumption is called consumer.

(ii) ڈیبٹ نوٹ کب جاری کیا جاتا ہے؟
**When a Debit Note is issued?**

جواب: ایک ڈیبٹ نوٹ جسے ڈیبٹ میمو بھی کہا جاتا ہے، خریدار کی طرف سے اس کے بیچنے والے غلط یا خراب سامان، خریداری کی منسوخی یا دیگر مخصوص حالات کی وجہ سے فنڈز کی واپسی کی درخواست کرنے کے لیے جاری کیا جاتا ہے۔

A debit note, also known as a debit memo, is issued from a buyer to their seller to request a return of funds due to incorrect or damaged goods, purchase cancellation, or other specified circumstances.

(iii) پیداکار تھوک فروش سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by a Manufacturer Wholesaler?**

جواب: یہ ایسے تھوک فروش ہیں جو خود ہی اشیاء بناتے ہیں اور خوردہ فروش تک مال پہنچانے کا کام بھی کرتے ہیں۔ اس طرح وہ ایک ساتھ پیداکار اور تھوک فروش بن کر اپنے اخراجات کو کم کرتے ہیں۔

These are the wholesalers who make the goods themselves and also do the work of delivering the goods to the retailer are thus they reduce their costs by being a producer and a wholesaler at the same time.

(iv) "ایک قیمت کی دکان" سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by "One Price Shop"?**

جواب: ایک قیمت کی دکان ایک دکان ہے جس میں مختلف سامان ایک ہی قیمت میں فروخت ہوتے ہیں۔

One price shop is a shop in which different goods are sold in same price.

(v) برآمدی تجارت کی تعریف کریں۔
**Define export trade.**

جواب: اگر اشیاء وخدمات کسی دوسرے ملک کے تاجر یا اداروں کو فروخت کی جائیں تو یہ برآمدی تجارت کہلاتی ہے۔

If goods and services are sold to trader or institutions of another country it is called export trade.

(vi) بل آف سائٹ سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by Bill of Sight?**

جواب: اگر درآمد کنندہ مال کی تفصیل کسٹم حکام کو فراہم نہ کر سکے تو وہ ان سے درخواست کرتا ہے کہ خود مال کا معائنہ کرلیں۔ ایسی تحریر کو بل آف سائٹ کہا جاتا ہے۔

If the importer is unable to provide the details of the goods to the customs authorities, he requests them to inspect the goods themselves. Such writing is called bill of sight.

(vii) میٹ کی رسید کون اور کب جاری کرتا ہے؟
**Who and when Mates' Receipt is issued?**

جواب: میٹ کی رسید ایک رسید ہوتی ہے جو جہاز کے کمانڈنگ آفیسر کی طرف سے جاری کی جاتی ہے جب کارگو بورڈ پر لادا جاتا ہے۔

A mate receipt is a receipt issued by the commanding officer of the ship when the cargo is located on board.

(viii) پرنسپل کی تعریف کریں۔
**Define Principal.**

جواب: ایسا کاروباری فرد یا ادارہ جو کسی دوسرے شخص کو اپنا نمائندہ یا ایجنٹ مقرر کرتا ہے تو وہ اس ایجنٹ کا پرنسپل یا مالک کہلاتا ہے۔

A business person or entity that appoints another person as its representative or agent is called the principal or owner.

(ix) سیلزمین شپ کی تعریف کریں۔
**Define Salesmanship.**

جواب: سیلزمین شپ کسی شے کو اس طرح پیش کرنے کا فن ہے کہ متوقع خریدار نہ صرف شے کی ضرورت محسوس کرنے لگتا ہے بلکہ اسے پسند بھی کرتا ہے۔

Salesmanship is the art of presenting an item in such a way that the prospective buyer not only feels the need for the item but also likes it.

**سوال 4:**

(i) بیمہ کی دو اقسام کے نام لکھیں۔
**Write down names of two types of insurance.**

جواب: 1- آگ کا بیمہ Fire insurance    2- میقاتی بیمہ Periodic insurance

CamScanner

(ii) ذرائع نقل وحمل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

What do you known by transportation?

جواب: ایسے ذرائع جو مسافروں اور سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے میں مددگار ثابت ہوں، ذرائع نقل وحمل کہلاتے ہیں۔

Means which are helpful in moving passengers and goods from one place to another are called means of transportation.

(iii) ذخیرہ اندوزی کے دو فرائض بیان کریں۔

Write down any two functions of Warehousing.

جواب: -1 سامان کی حفاظت Safeguarding goods -2 سامان منتقل کرنا Moving goods

(iv) ایوانِ صنعت وتجارت سے کیا مراد ہے؟

What is meant by Chamber of Commerce?

جواب: ایوان صنعت وتجارت ایسا ادارہ ہے جو مقامی/علاقائی تاجروں، صنعت کاروں اور پیداکاروں کے اجتماعی اور انفرادی کاروباری مفادات کا تحفظ کرتا ہے اور کاروباری مسائل میں ان کی رہنمائی کرتا ہے۔

The chamber of commerce and industry is an institution that protects the collective and individual business interests of local traders, industrialists and producers and guides them in business matters.

(v) دفتر سے کیا مراد ہے؟

What is meant by Office?

جواب: دفتر ادارے کی سرگرمیوں میں نظم وضبط قائم رکھنے کی ذمہ داری قبول کرتا ہے نیز کاروباری تنظیم میں یکسانیت اور نظم وضبط اور معیار کو قائم رکھتا ہے۔

The office assumes the responsibility of maintaining discipline in the activities of the organization as well as maintaining uniformity and discipline and quality in the business organization.

(vi) آپ نے اپنے سکول میں کون کون سی حسابی مشینیں دیکھی ہیں؟

Which calculating machines have you seen in your school office?

جواب: -1 کمپیوٹر Computer -2 کیلکولیٹر Calculator

(vii) اُفقی مسل بندی سے کیا مراد ہے؟

What is Horizontal filing?

جواب: اُفقی مسل بندی کے طریقہ کے تحت خطوط یا کاغذات کو چپٹی یا افقی حالت میں اوپر نیچے رکھا جاتا ہے۔ اگر کسی کاغذ کو نکالنا مقصود ہو تو اوپر رکھے ہوئے تمام کاغذات کو اٹھانا یا اتارنا پڑتا ہے جس کی وجہ سے دوسرے کاغذات کے پھٹنے کا خدشہ رہتا ہے۔

Under the horizontal file layout method, letters or papers are placed flat or horizontally up and down. If any paper is intended to be taken out, all the paper placed on top has to be lifted or unloaded, due to which there is a risk of other papers being torn.

(viii) خط کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

What do you know about Letter?

جواب: اگر ہم کسی سے کوئی بات کہنا چاہیں مگر فاصلے کی دوری کے باعث ایسا نہ کر سکیں اور یہی بات اسے کاغذ پر لکھ کر بھیج دیں تو اس کاغذ پر لکھی تحریر کو خط کہتے ہیں۔

If we have to say something to someone but they are not able to do, so due to the distance and send the same thing on a piece of paper, then the writing on that paper is called a letter.

(ix) سرکاری خط کی دو خصوصیات بیان کریں۔

Write two characteristics of Official Letter.

جواب: سرکاری خط کی دو خصوصیات:

Two characteristics of the official letter:

-1 درستگی Correction -2 اختصار Summaries

## (حصہ دوم)

(3 × 8 = 24)

**سوال 5:** کاروبار سے کیا مراد ہے؟ اس کی خصوصیات تحریر کریں۔

What do you meant by business? Describe its characteristics.

**سوال 6:** شراکتی معاہدہ کے تعریف کیجیے اور اس کے اہم نکات بیان کیجیے۔

Define the partnership deed and describe its main points.

**سوال 7:** مشترکہ سرمایہ کی کمپنی کے اجلاس کی مختلف اقسام بیان کریں۔

Write down different kinds of meetings of Joint Stock Company.

**سوال 8:** فیکٹر اور بروکر میں فرق واضح کریں۔

Distinguish between Factor and Broker.

**سوال 9:** پاکستان میں مسل بندی کے کون کون سے طریقے رائج ہیں؟

Which Methods of filings are used in Pakistan?

CamScanner